یہاں سے کاٹیے

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس مقام سے کاٹ کر سوالیہ پرچہ کھولئے

27. 03. 2024

Tear here

Question Paper Serial No.

CCE RR/PR/NSR/NSPR(B)/777/3016

ಮಾರ್ಚ್/ಏಪ್ರಿಲ್ 2024 ರ ಪರೀಕ್ಷೆ - 1

MARCH/APRIL 2024 EXAMINATION-1

**B**

# CCE RR/PR/ NSR/NSPR Reduced Syllabus

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 38 ]
Total No. of Questions : 38 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 85-U**
**Code No. : 85-U**

## ವಿಷಯ : ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನ

# Subject : SOCIAL SCIENCE

**( ಉರ್ದು ಮಾಧ್ಯಮ / Urdu Medium )**

(ಶಾಲಾ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. / ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)
**(Regular Repeater / Private Repeater / NSR / NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 27. 03. 2024 ] [ Date : 27. 03. 2024

ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-15 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 1-30 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-15 A.M. to 1-30 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80 ] [ Max. Marks : 80

**Cut here/ಇಲ್ಲಿ ಕತ್ತರಿಸಿ**

## عام ہدایات :

1. سوالی پرچہ میں کُل 38 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو ریورس جیکٹ سے سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا (تیر کے نشان کی اتباع کیجئے)۔ پرچہ کھلونے کے لئے دائیں طرف سے نہیں کاٹنا ہے۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. سوالات کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔
6. آپ کو مہیا کیا گیا سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) اور آپ کے ہال ٹِکٹ میں شائع کیا گیا۔ سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) دونوں ایک ہی ہونا ضروری (لازمی) ہے۔

SOCIAL SCIENCE

**I.** مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ صحیح متبادل چُنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی پرچہ میں لکھیں۔ **8 × 1 = 8**

1. جس نے پنجاب کو انگریزی حکومت میں شامل کروایا تھا

(A) ڈلہوزی

(B) ویلیزلی

(C) رابرٹ کلائیو

(D) کارنوالس

2. آریہ سماج کے بانی ہیں

(A) اینی بیسنٹ

(B) جیوتی با پھولے

(C) راجہ رام موہن رائے

(D) دیانند سرسوتی

3. مٹی کی وہ قسم جو سطح مرتفع ( Peninsular plateau ) کے بڑے رقبہ میں پائی جاتی ہے

(A) کالی مٹی

(B) لال مٹی

(C) سیلابی مٹی

(D) ریگستانی مٹی

4. ''کسی ملک کی قومی آمدنی ایک طویل مدت تک مسلسل بڑھتے رہنے کا عمل ہی معاشی ترقی ہے۔'' یہ کہا گیا ہے

(A) کولن کلرک

(B) امرتیہ سین

(C) بالڈون

(D) محبوب الحق

5. کس مٹی کو ریگڑ مٹی کہا جاتا ہے ؟

(A) لال مٹی

(B) کالی مٹی

(C) سیلابی مٹی

(D) ریگستانی مٹی

6. بچّوں کی امدادی کا لائن نمبر ہے

(A) 1089 (B) 1098

(C) 101 (D) 108

7. جس سال تنظیم اقوامِ متحدہ ( UNO ) میں انسانی حقوق کا اعلان ہوا تھا

(A) 1947 (B) 1945

(C) 2007 (D) 1948

8. ہر سال ''عالمی صارفین کا دن'' منایا جاتا ہے

(A) 15 /مارچ

(B) 10 /دسمبر

(C) 11 /جولائی

(D) 5 /جون

**II.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیں : **8 × 1 = 8**

9. ویلیزلی نے اپنے عہدے سے کیوں استعفیٰ دیا اور انگلینڈ واپس چلا گیا ؟

10. بنگال کا بٹوارا کس نے کیا ؟

11. ہندوستانی وزیر اعظم کا نام بتاؤ جس نے پنچ شیل کے اصولوں پر دستخط کیا ؟

12. سماجی پرتوں کے نظام سے کیا مراد ہے ؟

13. کس دستوری ترمیم کے تحت پنچایتی راج کے ادارے قائم ہوئے ؟

14. کنویں سے سینچائی سب سے اہم سینچائی کی قسم ہے۔ کیوں ؟

15. لامرکزیت ( Decentralization ) سے کیا مراد ہے ؟

16. ''ٹیلی شاپنگ ( Teleshopping ) آجکل کافی مشہور ہوگیا ہے۔'' کیوں ؟

III. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا چار جملوں میں لکھئے : 8 × 2 = 16

17. گورنمنٹ کس طرح سے ہندوستان میں خواندگی بڑھانے کی کوشش کر رہی ہے ؟

یا

عالمی امن قائم کرنے میں کس طرح پنچ شیل کے اصول مددگار ثابت ہوئے ہیں ؟

18. سماجی پرتوں کا نظام کس طرح ہمہ گیر ( Universal ) ہے ؟

یا

فسادات کو کس طرح سے قابو کیا جا سکتا ہے ؟

19. جونا گڑھ کو کس طرح سے ہند یونین میں شامل کیا گیا ؟

20. ''انگریزی حکومت کے دوران ہندوستانی فوج انگریزی حکمرانی کی بنیاد تھی۔'' وضاحت کیجئے۔

21. ''ہندوستانی زراعت برسات کے موسموں کے ساتھ ایک جوا ہے۔'' کیسے ؟

22. ''موجودہ سالوں میں جنگلات کے رقبہ میں کمی آئی ہے۔'' کیسے ؟

23. ''عورتوں کی خود اِمدادی جماعتیں عورتوں کو خود مختار بننے میں مددگار ہیں۔'' جواز پیش کیجئے۔

24. ڈاک خانے کس طرح سے پیسے کی بچت میں کارآمد ہوتی ہے ؟

**IV.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات چھ جملوں میں لکھئے : **9 × 3 = 27**

25. بینک کس طرح صارفین کی خدمت انجام دیتی ہیں ؟

یا

صارف کے تحفظ کا قانون صارفین کے لئے کس طرح سے مددگار ہے ؟

26. وارن ہیسٹینگز کے ذریعہ لاگو کئے گئے عدالتی نظام کی وضاحت کیجئے۔

یا

ہندوستان کی آزادی کی جدوجہد انقلابی طریقۂ عمل سے کس طرح مختلف تھیں ؟

27. معاشی ترقی میں نقل وحمل کا کردار اہمیت رکھتا ہے۔ کیسے ؟

یا

ہندوستان میں صنعتوں کی مقامیت پر اثرات پیدا کرنے والے بہت سارے عوامل ہیں۔ کیسے ؟

28. عوامی مالیہ کی اہمیت کی وضاحت کیجئے۔

یا

دیہی ترقی کے لئے کیا اہم سرگرمیاں ہیں ؟

29. ''سنگولی رائینا نے کتّور کی بغاوت میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے ؟'' جواز پیش کیجئے۔

30. ''اینی بیسنٹ نے تھیوسی فیکل سوسائٹی سماج میں نئی زندگی کی سرگرمیوں کو اُجاگر کیا ہے۔'' جواز پیش کیجئے۔

31. ''ہندوستان کے روس سے شروع سے ہی بہتر تعلقات رہے ہیں۔'' وضاحت کیجئے۔

32. ''غیر منظم مزدوروں کو بہت سے مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔'' کیسے ؟

33. سدابہار جنگلات ریگستانی جنگلات سے کس طرح مختلف ہوتے ہیں ؟

**V.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات آٹھ جملوں میں لکھیئے : 4 × 4 = 16

34. جلیان والا باغ کے قتلِ عام کی وضاحت کیجئے۔

یا

ہندوستان میں انگریزی تعلیم کے اثرات کی وضاحت کیجئے۔

35. ''ہندوستان کی پہلی جنگ آزادی ناکامی رہی۔'' کیوں ؟

36. ہندوستان میں عورتوں کا مقام دن بدن بہتر ہوتا جا رہا ہے۔'' جواز پیش کیجئے۔

37. ''طوفان خطرناک ہوتے ہیں۔'' جواز پیش کیجئے۔

**VI.** 38. ہندوستان کے نقشہ کا خاکہ بنائیں اور اس میں مندرجہ ذیل کو نشان زد کریں : 1 + 4 = 5

a) کونکن کا ساحل

b) دریائے نرمدا

c) وشاکھاپٹنم

d) امرتسر

**نابینا امیدواروں کے لیے متبادل سوال : ( سوال نمبر 38 کی جگہ )**

ہمہ مقصدی دریائی وادی منصوبہ کے اہم مقاصد بیان کیجئے۔ 5

DO NOT WRITE ANYTHING HERE